سوال

(783) جنت میں مردوں کے لیے حوریں تو عورتوں کے لیے کیا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مردوں کے لیے جنت میں تو بڑی آنکھوں والی سفید رنگ کی بیویاں ہوں گی تو اس کے مقابلے میں عورتوں کے لیے کیا ہوگا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورتوں کے لیے جنتی مرد ہوں گے۔ جنتی مرد بڑی آنکھوں والی سفید رنگ والیوں سے کہیں بہتر ہیں۔ جنتی عورتیں جنتی مردوں کے ہاں حورعین سے افضل ہیں۔ اس بنا پر ممکن ہے کہ جنتی عورتوں کا حصہ نکاح کے اعتبار سے مردوں کے حصے سے زیادہ ہو۔ اور عورت کے دنیا والے خاوند کے علاوہ جنت میں بھی خاوند ہوں گے، اور عورت کے اگر دو خاوند ہوں گے تو اسے ان کے درمیان اختیار ہوگا اور وہ عادات کے اعتبار سے سب سے اچھے کو پسند کرلے گی۔ (فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 703

محدث فتویٰ